© rasailojaraid.com



کتاب: فرہنگ سیرت          مرتب ومؤلف: سید فضل الرحمٰن

صفحات: ۳۲۸          قیمت: درج نہیں

لاہور میں ملنے کا پتا: دارالکتاب، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز A-4-17 ناظم آباد نمبر 4 کراچی نمبر 18

''فرہنگ سیرت'' ایک خوبصورت لغت ہے جس میں ہر اُس مشکل لفظ کا احاطہ کیا گیا ہے جو سیرت کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ حرمین شریفین کے اکثر مقامات، افراد وقبائل کی تحقیق اور تفصیلی، تاریخی، جغرافیائی لحاظ سے سیرت کی کتب میں استعمال ہونے والے وہ الفاظ جن کا کسی طرح بھی تعلق رسول پاک ﷺ کی ذات پاک سے ہے۔ حروف تہجی کے حساب سے ایک جگہ مرتب کردیئے گئے ہیں۔ جن کی تعداد تقریباً تین ہزار سے بھی زیادہ ہے۔ قبائل، غزوات، سرایا، وادیاں، پہاڑ، راستے، پتھر، برتن، کھانے، پھول، کنویں، سکّے، جانور، قلعہ، بت، میدان، گھاٹیاں، پیمانے، درخت، تالاب، کاہن وغیرہ کی چیزوں کی بابت اجمالی معلومات، مؤلف نے اس کتاب میں جمع کردی ہیں۔ قارئین کے لئے یہ کتاب اردوزبان میں بلاشبہ ایک بیش بہا علمی خزانہ ہے۔ سیرت النبی ﷺ کا انسائیکلوپیڈیا۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے، جس میں الفاظ اور ان کی تفصیل کے علاوہ تمیں نقشے بھی شامل ہیں، جن میں غزوات، سرزمین انبیاءؑ، عرب قبائل، قریش کے تجارتی راستے، حجاز کے بازار اور ادبی پہلوؤں کی عکاسی کی گئی ہے۔ جناب سیّد فضل الرحمٰن کی یہ کاوش واقعی قابلِ ستائش ہے۔

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

قائدِ احرار، ابنِ امیرِ شریعت حضرت پیر جی
سیّد عطاء المہیمن بُخاری مدظلہٗ
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان

دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان

30 اکتوبر 2003ء
بروز جمعرات بعد نماز مغرب

نوٹ
موسم کے مطابق گرم چادر ہمراہ لائیں

الداعی
سید محمد کفیل بخاری، ناظم مدرسہ معمورہ، دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی، ملتان فون: 061-511961

© rasailojaraid.com